اخبار و افکار

وقائع نگار

۲۷ اکتوبر ۱۹۷۳ء:- آب‌پارہ کمیونیٹی سنٹر (اسلام‌آباد) میں ادارہ تحقیقات اسلامی کی عید ملن تقریب منعقد ہوئی۔ اس تقریب میں ادارہ کے تمام ارکان نے اپنے اپنے اہل خانہ کے ہمراہ شرکت کی۔ ڈائرکٹر جناب ڈاکٹر عبدالواحد ہالے پوتا اس میں شریک نہ ہوسکے۔ وہ عمرہ سے واپسی پر چند روز آرام کی نیت سے حیدرآباد میں ٹھہر گئے تھے۔ یہ تقریب کئی گھنٹے جاری رہی اور بہت دلچسپ اور بارونق رہی۔ آخر میں تقریب کے منتظم ڈاکٹر ضیاءالدین اور ادارہ کے سیکریٹری شیخ محمد حاجن صاحب نے تقریریں کیں اور شرکاء کا شکریہ ادا کرنے کے علاوہ ایسی پر خلوص تقریبات کے آئندہ بھی ہوتے رہنے کی امید ظاہر کی۔

---

۲۹ اکتوبر:- ادارہ تحقیقات اسلامی کی اعلی مجلس منتظمہ کے ممتاز رکن جناب ممتاز حسن کے انتقال پرملال پر ادارہ کے ارکان کا ایک تعزیتی جلسہ ادارہ کے کانفرنس ہال میں منعقد ہوا۔ جناب ڈاکٹر ضیاءالدین، مولانا سید عبدالقدوس ہاشمی اور جناب مظہر الدین صدیقی نے مرحوم کے سانحہ پر افسوس کا اظہار کیا اور اس سانحہ کو خاص طور پر ادارہ کا نقصان قرار دیا۔ اس اجلاس میں ایک متفقہ تعزیتی قرارداد بھی منظور کرکے اخبارات کو جاری کی گئی۔ آخر میں مرحوم کے لئے دعائے مغفرت کی گئی۔

[illegible]

[illegible]